ilmkidunya
علم کی دنیا

# Education - FA Part 2 Education Urdu Medium Chapter 2 Short Questions Preparation Online Test

Q1. ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکومت کیسے قائم ہوئی؟

**Ans 1:** انگریز برصغیر پاک و ہند میں تجارت کی غرض سے آئے تھے،ایسٹ انڈیا کمپنی نے تجارت سے زیادہ ایک نمایاں سیاسی حیثیت اختیار کر لی.1757ء میں جنگ پلاسی کہ بعد یہ ایک حکمران طاقت بن کر ابھر.1765ء میں مغل حکمران شاہ عالم نے اڑیسہ،بہار اور بنگال کا انتظام انگریزوں کے حوالے کر دیا.

---

Q2. برطانوی دور میں مسلمان انگریزی نظام تعلیم اپنانے سے کیوں گریزاں تھے؟

**Ans 1:** مسلمان انگریزی نظام تعلیم کو ذہنی طور پر تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں تھے کیونکہ وہ سمجھتے تھے کہ اس طرح ان کی تہذیبی اقدار اور علمی روایات ختم ہوجائیں گی.ان کو خطرہ تھا کہ نیا تعلیمی نظام مسلمانوں کو الحاد اور ،مغرب پرستی کی طرف لے جائے گا.

---

Q3. 1757 سے 1947 تک مسلمانوں کے لیے دور کیسا رہا؟

**Ans 1:** قیام پاکستان برصغیر کے مسلمانوں کی مسلسل جدوجہد اور بے شمار لازوال قربانیوں کا نتیجہ تھا لیکن ساتھ ہی یہ جہد مسلسل کا دور تھا جس میں وطن کی‌آزادی کے لیے سیاسی،معاشرتی،مذہبی اور تعلیمی تحریکوں نے اہم کردار اداکیا.

---

Q4. سیاسی اعتبار سے سر چارلس ووڈ کا دور مسلمانوں کے لیے کیسا تھا؟

**Ans 1:** سیاسی اعتبار سے سر چارلس کا دور مسلمانوں کے لئے مصائب و آلام کا دور تھا،تعلیمی میدان میں یہ زمانہ مسلمانوں کے لئے مایوسیوں کا زمانہ تھا،ان کا تعلیمی نظام ختم کر دیاگیا.ان کے تمام مدارس غیر تسلیم شدہ قرار دے دیئے گئے،عام اور مفت عوامی تعلیم کا سور ختم ہوگیا.

---

Q5. ووڈزڈ سپیچ 1854 سے کیا مراد تھا؟

**Ans 1:** 1853ء سے قبل برطانوی پارلیمنٹ کی ایک کمپنی نے ہندستان میں سرکاری تعلیمی پالیسی کا تفصیلی جائزہ لیا.جسے چارلس ووڈ نے اپنے مشہور مراسلے کی شکل میں 1854ء میں کمپنی کو ارسال کیا.یہ مشہور مراسلہ ووڈزڈ سپیچ 1854 کہلاتا ہے.

---

Q6. ہندوستان کا پہلاگورنمنٹ کالج کونسا تھا؟

**Ans 1:** 1816ء میں کلکتہ ودلیا کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا گیا،جس کو 1819ء میں کالج بنا دیا گیا،یہ ہندوستان کا پہلا گونمنٹ کالج تھا.

---

Q7. ہندوستان میں مسلمانوں کے تعلیمی نظام کے بارے میں دو نکات لکھیں.

**Ans 1:** 1.تعلیم عام اورمفت تھی. 2.تعلیمی ادارے مالی طور پر آزاد ،خودمختار اور علمی طور پر حکومتی اثرات سے آزاد تھے.

---

Q8. سارجنٹ رپورٹ کے کوئی سے دو نکات بیان کریں.

**Ans 1:** سارجنٹ رپورٹ کے چار نکات درج ذیل ہیں: 1.چودہ برس تک کی عمرکے تمام بچوں کے لیے تعلیم مفت ہوگی. 2. 6 برس تک کی عمر کے بچوں کے لئے سرکاری مدارس میں تربیت یافتہ اساتذہ کی زیر نگرانی نرسری کلاسیں کھولی جائیں گی.

Q9. دالعلوم دیوبند کا نصاب غیرضروری طور پر بوجھل کیوں ہوا؟

**Ans 1:** دیوبند کے نصاب میں اس وقت کے تمام اسلامی مکتبہ ہائے فکر اور معروف تعلیمی اداروں کے نصابات کی بیادی باتوں ،روایت و اقدار خصوصیات کو سمونے کی کوشش کی گئی جو اگرچہ ایک حد تک کامیاب رہی لیکن اس سے دیو بند کا نصاب غیر ضروری طور پو بوجل ہوگیا.

Q10. ایسٹ انڈیا کمپنی کی تعلیمی سرگرمیوں پر مسلمانوں اور ہندوؤ ں کا ردعمل کیا تھا؟

**Ans 1:** برصغیر میں کمپنی کے اقتدار میں عیسائی مشنروں کی تعلیمی سرگرمیوں سے مقامی لوگوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی اور مسلمانوں نے پوری قوت سے ساتھ مشنری اداروں کی سرگرمیوں کے خلاف آواز اٹھائی جبکہ ہندوؤں نے عیسائی مشنروں کا ساتھ دیا.